2025 III 08 | 0930 | Seat No. | | | | | |

Time : 1½ Hours

SOCIAL SCIENCE—II (U)

Subject Code

S	1	0	1	3	B

Total No. of Questions : 32 (Printed Pages : 6) Maximum Marks : 40

ہدایات : (*i*) اس سوالیہ پرچے میں مجموعی طور پر **32** سوالات ہیں۔ تمام سوالات لازمی ہیں۔

(*ii*) سوال کے آگے مارکس دیئے گئے ہیں۔

(*iii*) سوال نمبر **30**، **31** اور **32** نقشہ کے سوالات ہیں۔

(*iv*) کوئی مجموعی انتخاب نہیں ہے۔تاہم، سوالات **28** اور **29** کے لئے داخلی انتخاب فراہم کیا گیا ہے۔

(*v*) جہاں بھی ضروری ہو الگ ہدایات دی گئی ہیں۔

* نیچے دیئے گئے متبادلات میں سے صحیح متبادل چن کر لکھیے : 4

1. وہ تحریک جو اتراکھنڈ میں دریائے ہنوال کی وادی سے کارکنوں سے شروع کی :

- مغربی گھاٹ بچاؤ
- بیڈتھی مہم
- بیج بچاؤ مہم
- مٹی بچاؤ مہم

2. ربڑ بڑے پیمانے پر صنعتی فصل کے طور پر اس ریاست میں اگایا جاتا ہے :

- کیرلا
- مہاراشٹر
- اتر پردیش
- سکم

3. ایک شخص، ایک رائے دہندگی کے اصول پر چلائے جانے والا بینک :

- مرکزی بینک
- باہمی تعاون بینک
- تجارتی بینک
- بیرون ملکی بینک

4. گوا میں اونچی زمین یا سیڑھی نما کھیت کی قسم جو باغبانی فصلوں کے لئے استعمال ہوتی ہے :

- کیر
- خزان
- بے کار زمین
- موروڈ

* درج ذیل کے نام لکھئے : 3

5. فصل جس کو غذا اور مویشیوں کے چارہ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

6. گوا کا جزیرہ جو مینگروز کی بیشتر انواع کا قیام گاہ ہے۔

7. زمین پر مبنی نقل وحمل کے میدان میں نقل وحمل کا ایک حال کا مدخل ہے۔

* درج ذیل میں سے ہر ایک کے لئے ایک جغرافیائی اصطلاح دیجئے : 2

8. غیر جانداروں سے حاصل کردہ وسائل۔

9. راجستھان کے الورضلع میں بارش کے پانی کو محفوظ کرنے کا روایتی طریقہ۔

* درج ذیل ہر سوال کا جواب ایک جملے میں لکھئے۔ 7

10. سیلابی مٹی کی خصوصیات کیا ہیں ؟

11. ریاستی شاہراہیں کیا ہیں ؟

12. زراعت، پانی کی آلودگی کا سبب کیسے بنتا ہے ؟

13. قائم جمع کھاتہ (Fixed Deposit Account) پر سب سے زیادہ سود کیوں ملتا ہے ؟

14. تجارت کیا ہے؟

15. کون سا صارف حق خطرناک مصنوعات سے محفوظ رہنے کی ضمانت دیتا ہے۔

16. مقامی انواع سے کیا مراد ہے؟

* درج ذیل میں سے ہر ایک کی جغرافیائی وجہ لکھئے۔ 5

17. گوا کی حکومت قابل تجدید توانائی کے وسائل کی ترقی کے لئے اقدامات کر رہی ہے۔

18. پہاڑی ڈھلوانیں کافی باغات کے لئے موزوں ہوتے ہیں۔

19. گوا کی حکومت نے ہوٹل انتظام (Hotel Management) کے لئے تعلیمی ادارے قائم کئے ہیں۔

20. جنگل پر منحصر برادری کے لئے جنگل اہم ہیں۔

21. کئی کثیر المقاصد منصوبوں کے خلاف مزاحمت کھڑے ہوئے ہیں۔

* مندرجہ ذیل ہر سوال کے جواب میں دو نکات لکھئے۔ 16

22. ہندوستان میں بے روزگاری کے اسباب کیا ہیں؟

23. توانائی کے روایتی وسائل اور غیر روایتی وسائل کے درمیان کوئی **ایک** فرق لکھئے۔

24. وسائل کی منصوبہ بندی میں شامل مختلف اقدامات کیا ہیں ؟

25. صنعتی کام گار شور کی آلودگی سے کیسے متاثر ہوتے ہیں ؟

26. توانائی کے وسائل کے تحفظ کے لئے اقدامات تجویز کیجئے۔

27. خودحرکی گاڑیوں (Automobile) کی صنعتیں ممبئی کولکاتہ اور چینئی جیسے بندرگاہی شہروں میں کیوں واقع تھیں ؟

28. کن عوامل نے زرعی پیداواریت خاص کر غذائی فصلوں میں کمی کر دی ہے ؟

یا

تجارتی کھیتی کی خصوصیات کیا ہیں ؟

29. دنیا بھر کے سیاح ہندوستان کی طرف پرکشش ہوتے ہیں۔ وضاحت کیجئے۔

یا

بھارت میں ریلوے کو کئی مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ وضاحت کیجئے۔

* آپ کو فراہم کردہ ہندوستان کے نقشے میں درج ذیل کی نشاندہی کیجئے اور علامات کی فہرست بھی بنائیے۔ 3

30. کرناٹک میں میسور ٹیکنالوجی پارک

31. اُڑیشہ میں پارادیپ بندرگاہ۔

32. اتر پردیش میں نارورا نیوکلیئر پاور پلانٹ۔